मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
A Central University under Ministry of Education
Government of India

## پروجیکٹ پر مبنی (عارضی) ویکنسی

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدر آباد کے تحت مختلف اضلاع میں پروجیکٹ پر مبنی مندرجہ ذیل عہدوں کے لئے درخواست مطلوب ہے۔

1. 14000 روپے فی ماہ Trainer -ٹرینرس (9)
2. 17000 روپے فی ماہ Facilitator سہل کار (3)
3. 35000 وپے فی ماہ- Research Fellow ریسرچ فیلو ر (1)

درخواست اور بایوڈیٹا بھیجنے کی آخری تاریخ 20th June 2023 شام پانچ بجے تک

سی وی میں برائے مہربانی عہدہ اور ایم آر سی لوکیشن کو واضح طور پر لکھیں جس کے لیے آپ درخواست دے رہے ہیں (اس کے لیے ذیل میں دی گئی فہرست دیکھیے) اور اپنا موبائل نمبر بھی لکھیں۔

پروجیکٹ کے بارے میں: یونائیٹڈ نیشنز پاپولیشن فنڈ (یواین ایف پی اے) نے ایک پروجیکٹ " بہار کے مدارس میں تعلیمی پروگرام برائے نوبالغان" میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدر آباد کے ساتھ اشتراک کیا ہے۔ تعلیمی پروگرام برائے نوبالغان کا مقصد طلبہ میں تاعمر آموزش کو فروغ اور تقویت دینا ہے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، نوڈل اساتذہ کی ریگولر ٹریننگ اور 40 مدارس کی اکائی والے مدرسہ ریسورس سینٹر کے ذریعہ مدارس کے اساتذہ کی صلاحیت کو فروغ دے گی۔ ایک مدرسہ ریسورس سینٹر پر تین ٹرینیز اور ایک سہل کار اپنی ذمہ داریوں کو انجام دیں گے، جو ایم آر سی کی تشکیل، کارکردگی و انتظامی امور کے ساتھ ساتھ نوڈل اساتذہ کی تربیت کی ذمہ داری ادا کریں گے۔

درخواست کیسے دیں:

درخواست اور بایوڈیٹا جس میں سبھی تعلیمی اہلیت اور تجربات کی تفصیلات ہو اسے manuuaep@gmail.com پر میل کریں۔

شارٹ لسٹنگ کے بعد انٹرویو کی تاریخ اور جگہ سے باخبر کیا جائیگا۔

## 1۔ٹرینرس(مدرسہ ریسورس سینٹر)

**مطلوبہ اہلیت**

1. کسی بھی مضمون میں گریجویشن
2. امیدوار کواردو کی اچھی معلومات ہونی چاہیے۔
3. بی ایڈ/ایم یڈ/ایم ایس ڈبلیو/مدرسہ بیک گراؤنڈاوراس طرح کے پروجیکٹ میں تجربہ رکھنے والے امیدوار کو ترجیح دی جائیگی۔
4. امیدوار کوپروجیکٹ کے علاقہ کارہائشی ہوناچاہیے۔متعلقہ ایم آرسی علاقہ سے تعلق رکھنے والے امیدوار کوترجیح دی جائے گی

**کرداراورذمہ داریاں**

- ٹرینرکی یہ ذمہ داری ہوگی کہ وہ نوڈل اساتذہ کواچھی تربیت فراہم کریں اور سپورٹیو سپروزن اور مشاہدہ کے کام کوانجام دیں۔
- ٹیم ممبران، مدارس کے اسٹاف، صدر مدرس اورانتظامیہ کمیٹی، معلم طلبہ ،والدین اور سول سوسائٹی آرگنائزیشن کے ساتھ بہتر ہم آہنگی کو فروغ دیں۔
- متعینہ وقت کے اندر معیاری رپورٹ جمع کرنا یقینی بنائیں۔
- نوڈل اساتذہ کی ٹریننگ اور دیگر معاشرتی سرگرمیوں کے درمیان منصوبہ بندی اور تنظیمی صلاحیت کا مظاہرہ کریں۔
- متعینہ مدارس میں نوڈل اساتذہ اوراے ای پی ٹرانزیکشن کے ورک پلان کو یقینی بنائیں۔
- تعلیم نو بالغان پروگرام اوریومیہ سرگرمیوں سے سوپروائزر کو باخبر کریں۔
- ہفتہ واری/دوہفتہ واری سرگرمیوں کے ورک پلان کو وقت پر جمع کریں۔
- صدر مدرس،ایم آرسی،اے پی سی پی سی اورپی ڈی کے ذریعہ بلائی گئی میٹنگ میں شرکت کریں۔
- سوپروائزر کے ذریعہ سونپے گیے دیگرامور کو بھی انجام دیں۔

## 2- سہل کار (مدرسہ ریسورس سینٹر)

مطلوبہ اہلیت

1. کسی بھی مضمون میں گریجویشن
2. امیدوار کو اردو کی اچھی معلومات ہونی چاہیے۔
3. بی ایڈ/ایم یڈ/ایم ایس ڈبلیو/مدرسہ بیک گراؤنڈ اور اس طرح کے پروجیکٹ میں تجربہ رکھنے والے امیدوار کو ترجیح دی جائیگی۔
4. امیدوار کو پراجیکٹ کے علاقہ کا رہائشی ہونا چاہیے۔ متعلقہ ایم آر سی علاقہ سے تعلق رکھنے والے امیدوار کو ترجیح دی جائے گی

**کردار اور ذمہ داریاں:**

- ریجنل ریسورس سنٹر کو آرڈینیر کی مشاورت سے سرگرمیوں اور عمدہ کارکردگی کو یقینی بنائیں گے اور ٹرینز کے کام کے ساتھ ساتھ سہل کار ایم آر سی کو رہنمائی فراہم کریں گے۔
- ایم آر سی کے سبھی امور، مقررہ اعمال کی انجام دہی انکی ذمہ داری ہوگی، ساتھ ہی، اے ای پی ٹرانزیکشن کی معاون نگرانی انجام دینا۔
- نوڈل اساتذہ کی تربیت کی منصوبہ بندی وانتظام، دورہ برائے نگرانی اور ایم آر سی کی دیکھ ریکھ کریں گے۔
- ٹیم ممبران، مدارس کے اسٹاف، صدر مدرس اور انتظامیہ کمیٹی، معلم، طلبہ، والدین اور سول سوسائٹی آرگنائزیشن کے ساتھ بہتر ہم آہنگی کو فروغ دیں گے۔
- اے ای پی ٹرانزیکشن، منصوبہ بندی اور انتظام میں نوڈل اساتذہ کو تعاون فراہم کریں گے۔
- تجویز کردہ خاکہ میں رپورٹ بروقت جمع کریں گے۔
- مدرسہ سینٹر میں دستیاب وسایل ذرائع کا شفاف اور ذمہ دارانہ استعمال کریں گے۔
- نوڈل اساتذہ کی تربیت کے سبھی مالی اخراجات اور اے پی سی کے تعاون سے دیگر سرگرمیوں کے لیے ذمہ دار ہونگے۔
- ہفتہ واری/دوہفتہ واری سرگرمیوں کے ورک پلان کو وقت پر جمع کریں گے۔
- مقرر کردہ مدارس میں نوڈل اساتذہ اور اے ای پی ٹرانزیکشن کے ورک پلان کو یقینی بنائیں گے۔

### 3. ریسرچ فیلو(حیدرآباد میں)

**ضروری تعلیمی لیاقت:**

- امیدوار کے پاس ماسٹر آف سوشل ورک یا ماسٹر آف ایجوکیشن (ایم۔ایڈ) کی ڈگری ہونا لازم ہے۔

درج ذیل صلاحیت رکھنے والے امیدوار کو فوقیت دی جائے گی۔

- مدرسہ بیک گراؤنڈ کے امیدوار
- وہ امیدوار جن کو اردو پڑھنے لکھنے کی صلاحیت ہو۔
- وہ امیدوار جو متعلقہ مضمون میں پی ایچ ڈی ہوں یا کر رہے ہوں۔
- وہ امیدوار جن کے پاس فیلڈ ورک یا تحقیقی میدان میں تجربہ ہو اور جنہیں عالمی ایجنسیوں کے ساتھ پروجیکٹ میں کام کرنے کا تجربہ ہو۔
- وہ امیدار جو پروجیکٹ سے متعلقہ اضلاع میں سفر کے لیے تیار ہوں اور وہ قیام کے لیے بھی تیار ہوں۔

**فرائض اور ذمہ داریاں:**

- پروجیکٹ ڈائرکٹر کو تکنیکی اور تحقیقی سپورٹ فراہم کرنا۔
- پروجیکٹ کو بہتر طور پر چلانے کے لیے پروجیکٹ ڈائرکٹر اور پروجیکٹ کوآرڈینیٹر کو سہولت فراہم کرنا۔
- پروجیکٹ کے دستاویز تیار کرنے کے لیے انٹرویو، مشاہدہ وغیر کے ذریعہ معطیات اکٹھا کرنا۔
- فیلڈ مشاہدہ کی بنیاد پر ٹیم ممبران کے ساتھ اپنے تاثرات شئیر کرنا۔
- پروجیکٹ کی ٹریننگ اور ماڈیول کی عمل آوری کے دوران تکنیکی طور پر سپورٹ فراہم کرنا۔
- میٹنگ، ورکشاپ اور ٹریننگ کے انعقاد میں معاونت فراہم کرنا۔
- سائٹ پر مشاہدہ اور معاون نگرانی کے لیے معاونت فراہم کرنا۔
- دستاویزات تیار کرنا اور تحقیقی واشاعت سے متعلق امور کو دیکھنا۔
- سرگرمیوں کا کا عارضی ہفتہ واری اور ماہانہ ورک پلان تیار کرنا۔
- سرگرمیوں کی ریپورٹنگ میں معاونت فراہم کرنا اور ماہانہ وسہ ماہی پروگریس رپورٹ تیار کرنا۔
- صدر مدرس، ایم آر سی، اے پی سی اور پی سی کے ذریعہ بلائی گئی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔
- سوپروائزر کے ذریعہ سونپے گئے دیگر امور کو بھی انجام دیں گے۔

نظرثانی شدہ مطلوبہ سہل کار اور ٹرینز کی تعداد اور مدرسہ ریسورس سینٹر کے علاقے کی تفصیلات

| نمبر شمار | ایم آر سی (لوکیشن (عارضی) | اضلاع | ایم آر سی کی تعداد | سہل کار کی تعداد | ٹرینز کی تعداد |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نالندہ | نالندہ | 1 | 0 | 1 |
| 2 | مدھوبنی | مدھوبنی | 1 | 0 | 1 |
| 3 | کشن گنج | کشن گنج | 3 | 1 | 2 |
| 4 | پورنیا | پورنیا | 2 | 1 | 1 |
| 5 | مشرقی چمپارن | مشرقی چمپارن | 1 | 0 | 1 |
| 6 | کٹیہار | کٹیہار | 1 | 0 | 1 |
| 7 | سوپول | سوپول | 1 | 0 | 1 |
| 8 | ارریہ | ارریہ | 1 | 0 | 1 |
| 9 | بھاگلپور | بھاگلپور | 1 | 1 | 0 |
| | | تعداد کل | 12 | 3 | 9 |

| نمبر شمار | عہدے کا نام | تعداد |
|---|---|---|
| .1 | ریسرچ فیلو (حیدر آباد میں واقع) | 1 |

نوٹ۔ ویکنسی کی تعداد بڑھ سکتی ہے اس پروجیکٹ کی مدت 30 ستمبر 2023 تک ہے جس کے توسیع کی امید ہے:

پروفیسر محمد شاہد

پروجیکٹ ڈائریکٹر

یواین ایف پی اے (اے ای پی) پروجیکٹ مانو، حیدر آبا